© rasailojaraid.com


(ب) اس جماعت پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ پوری قوت کے ساتھ مادہ پرستانہ مسلک کا پرچار کرے اور لوگوں کو کھلے طور پر اس کی دعوت دے۔ مذہبی روایات نے اہلِ مشرق کو جن بندھنوں میں جکڑ رکھا ہے انہیں بے خوف ہو کر کاٹ دے اور اسی طرح لوگوں کو ان سے نجات دلائے۔

(ج) ریاست کے انتظام و انصرام کے لیے مشرق میں مضبوط حکومتیں قائم کی جائیں جو اجتماعی بچت اور سرمایہ کاری کے مختلف منصوبوں کو بالجبر نافذ کر کے پایۂ تکمیل تک پہنچا سکیں۔ یہ مقصد جمہوری نظامِ حکومت کے تحت حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے لیے آمریت ناگزیر ہے تاکہ قوت کے زور سے یہ انقلاب برپا کیا جائے اور جو عناصر اس راہ میں حائل ہوں انھیں طاقت کے ساتھ راستے سے ہٹا دیا جائے۔

**مولانا مودودی سے ملیے** | تالیف: جناب اسعد گیلانی صاحب۔ ناشر: آزاد بک ڈپو، سرگودھا۔ سول ایجنٹ: بساطِ ادب چوک انارکلی لاہور۔ قیمت ساڑھے چھ روپے۔ صفحات ۲۱۳۔

زیرِ تبصرہ کتاب مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی اور ان کے افکار و تصورات کا خوبصورت مرقع ہے۔ کتاب کے مرتب چونکہ خود تحریکِ احیائے اسلام کے پرجوش مبلغ اور سپاہی ہیں اس لیے انھوں نے مولانا کے فکری اور عملی دونوں پہلوؤں کو نگاہ میں رکھتے ہوئے اُن کی شخصیت کا بے لاگ جائزہ لیا ہے۔ کتاب اوّل سے آخر تک بڑی دلچسپ اور معلومات افزا ہے اور اسے پڑھ کر مولانا کی شخصی معاشرتی اور سیاسی زندگی، اُن کے اصول و نظریات کے ساتھ پوری طرح اُبھر کر سامنے آجاتی ہے۔ پھر اس میں مبالغہ آمیزی کا وہ جُز بھی شامل معلوم نہیں ہوتا جو عام طور پر مذہبی شخصیتوں کی تذکرہ نگاری میں پایا جاتا ہے۔

**تواریخ عجیب المعروف کالا پانی** | تالیف مولوی محمد جعفر تھانیسری۔ مرتبہ محمد ایوب قادری۔ شائع کردہ: سلمان اکیڈمی۔ حق نشان ۳۰ نیو کراچی ہاؤسنگ سوسائٹی کراچی نمبر ۵۔ قیمت چار روپے پچاس پیسے۔ صفحات ۳۰۴

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

یہ کتاب سید احمد شہید کی مقدس تحریک کے ایک بے لوث خادم مولانا محمد جعفر تھانیسری کے زمانۂ اسیری کے حالات پر مشتمل ہے۔ معرکہ امبیلا کے بعد ۱۸۶۴ء میں اللہ کے اس پاکباز بندے پر بغاوت اور سازش کے الزام میں مقدمہ چلا۔ جائداد ضبط ہوئی اور حبسِ دوام بعبور دریائے شور کی سزا ملی۔ مگر اسلام کے اس قابلِ فخر فرزند نے ابتلاء و آزمائش کا بڑی پامردی، استقامت اور ہمت و استقلال کے ساتھ مقابلہ کیا اور اللہ کی راہ میں ہر قسم کے مصائب کو بڑی خندہ پیشانی سے برداشت کیا۔ اس کتاب کے پڑھنے سے جہاں ایک طرف انگریزی سامراج کے ظلم و استبداد کے روح فرسا مناظر سامنے آتے ہیں وہاں دوسری طرف ایمان کو بھی تقویت حاصل ہوتی ہے۔ یہ کتاب پہلے کئی مرتبہ طبع ہو چکی ہے۔ اب جناب محمد ایوب قادری صاحب نے اسے بڑے اہتمام کے ساتھ مرتب کیا ہے اور آغاز میں ایک قابلِ قدر مقدمہ لکھ کر اس کی افادیت کو بڑھا دیا ہے۔ آخر میں ایک مفصل اشاریہ بھی شامل ہے۔

مولانا نے انسان کے قلب و دماغ پر مغربی علوم کے اثرات کو جس انداز سے خود اپنے تجربہ کی بنیاد پر بیان فرمایا ہے وہ قابلِ غور ہے:-

"جس طرح یہ زبان (انگریزی)، دنیوی فوائد سے بھری ہوئی ہے اس سے زیادہ دین کے واسطے مضر بلکہ سمِ قاتل ہے۔ کوئی جوان لڑکا جس نے پہلے قرآن اور حدیث سلوکِ راہ نبوت میں خوب مہارت اور مشق نہ کی ہو اگر اس زبان کو سیکھ کر میری طرح ہر علم اور ہر علم کی کتابوں کا مطالعہ کریگا ضرور پرلے درجے کا بے دین، بے ادب، ہو جائے گا"

اب باوجود میری اس دینداری کے پہلے میرا حال ہی سُن لیجیے کہ اس علم کی بدولت مجھ پر کیا اثر ہوتے۔ اس علم کی بدولت میری نماز تہجد جس کا میں بچپن سے عادی تھا یک قلم چھوٹ گئی تھی۔ رات کو حسبِ عادت خود جاگ پڑتا تھا مگر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

دو بجے شب سے فجر تک چارپائی پر بیٹھا رہتا۔ . . . ان ایام میں فقط فرض نماز پنجگانہ پڑھا کرتا تھا اور اس کا ادا کرنا بھی پہاڑ سے زیادہ سخت تھا اور قریب تھا کہ میں فرض نماز روزہ کو بھی جواب دے دوں اور اس کے چھوڑ دینے اور عبث ہونے کے دلائل بھی شیطان مجھ کو تعلیم کیا کرتا تھا :


خریداران ترجمان القرآن اور ایجنٹ صاحبان سے

## ضروری التماس

۱۔ پرانے خریدار حضرات خط و کتابت کرتے وقت یا چندہ بھیجتے وقت اپنا پتہ مکمل اور خوشخط لکھا کریں اور نمبر خریداری لازماً تحریر فرمایا کریں۔

۲۔ پتہ بدلوانے کے لیے سابقہ اور موجودہ پتہ مع نمبر خریداری صاف تحریر فرمایا کریں۔

۳۔ نئے خریداروں کے لیے پرچہ جاری کرانے کی دو صورتیں ہیں۔ چندہ سالانہ بذریعہ منی آرڈر روانہ فرمائیں یا پھر وی۔ پی منگوائیں۔ قرض یا وعدہ پر رسالہ جاری نہیں کیا جاتا۔

۴۔ ایجنٹ اصحاب ایجنسی پر پرچہ منگوانے کے لیے پیشگی رقم جمع کرائیں یا پھر پیکٹ وی۔ پی بھیجا جائے گا۔ اس کے علاوہ اور کوئی صورت نہیں ہوگی۔ خط و کتابت کرتے وقت ایجنسی نمبر کا حوالہ مطلوبہ پرچوں کی تعداد اور مکمل پتہ صاف تحریر کریں۔

مینیجر ترجمان القرآن



دینی، علمی، تاریخی اور ادبی کتابوں کے چار مجموعوں کی پیشکش۔ ہر مجموعہ پانچ کتابوں کا قیمت ۲۰، ۲۰ روپے

۲۰ ۔ ۱۳ روپے میں

## بیس کتابیں

مگر آپ ۳۱ اکتوبر ۶۴ء تک پیشگی خریدار بن کر صرف دس روپے میں حاصل کر سکتے ہیں

تفصیلات طلب کیجیے — ایجنٹوں کی ہر جگہ ضرورت ہے

دائرۃ المعارف ۱۱۲/۱۸۔ ج جوہر آباد۔ ضلع سرگودھا

پہلا مجموعہ

سبد گل

دسمبر ۶۴ء میں شائع ہو رہا ہے

مرتب :- آباد شاہ پوری


© rasailojaraid.com